Mr. Ishrat Aziz addressing the Annual Convention, Atlanta



Dr. Saeed & Musheer at Picnic Aug 11, 2007




Asif Farooqui



Himayat Ali Shair at Mushaira, 2007



Picnic Aug 11, 2007



Hanif Akhgar 2007



Strachey Hall



The AMU College of Engineering

With Compliments

From

MILL RUN TOURS, INC.

- **The largest travel consolidator**
- **16 offices nation wide**
- **We represent all major airlines**
- **Lowest air fares to Pakistan, India, Africa & Europe**

For Lowest Fares Call:

Syed A. Qamar (Director Sales) 770-936-1440 E-mail:
mrtatl@millrun.com

3300 Buck Eye Road, Suite 405, Atlanta, GA 30341
Tel: 770-936-1440 Fax: 770-936-5975 E-mail:
mrtatl@millrun.com

With Compliments

From

Anniston Ophthalmology Clinic

Khalid L. Khan, MD Abdul A. Kazi, MD

Board Certified Ophthalmologists

Comprehensive Ophthalmology and Diseases of Vitreous & Retina
40 Years of Combined Experience

Mon-Fri: 8AM-5PM

We accept Medicare, Medicaid, BCBS and most major Insurance Plans
Routine Eye Exams for Glasses & Contact Lenses
Specializing in Surgical Eye Care including "No Stitch" Cataract Surgery
Laser & Surgical Treatment for Diabetic Retinopathy, Macular Degeneration, Glaucoma & Pediatric Eye Diseases

- Only Retina Specialist in the area
- Complete Vision & Eye Health Testing for Glaucoma, Diabetes, Cataract, Retinal & Neurological Disorders
- Eye injuries, Infection & Foreign bodies
- Laser & Surgical Treatment for Diabetic Retinopathy, Macular Degeneration, Glaucoma & After-Cataract Membrane
- LASIK Surgery Consultation
- Latest Technology for Detecting Cancer, Strokes, Tumors & Others

Tel: 256-237-6769 1-800-237-6769 Medical Emergency Pager: 205-819-9911

1011 Leighton Avenue, Anniston, AL 36207


Agha Juice & Café

Drink Your Heart Out!

Stop in for:



- Kulfi / Kulfi Plate
- Falooda
- Gola Ganda / Baraf Gola
- Smoothies & Shakes
- Ice Cream & Snow Cones
- Fresh Fruit Juices
- Bun Kababs
- Samosas & More!

Catering Available!







5050 Jimmy Carter Blvd, Suite # 180, Norcross, GA 30093
678-368-4186 • www.aghajuiceATL.com
Facebook ID: AGHA JUICE / Twitter ID: AGHAJUICEATL

With Best Compliments From

Spalding Corners Travel
In The Global Mall

5675 Jimmy Carter Blvd.
Suite 554
Norcross, GA 30071
Phone (770) 441-1164
Fax (770) 448-1723
E-Mail: SpaldingCornersTravel@Yahoo.com

With Compliments From

Premier Diagnostics

Mobile Ultrasound Service

- **Echocardiography**
- **Vascular Doppler Studies**
- **Sonographic Studies of Abdomen, Pelvis and Small Parts**

For more information: Contact Saleem Boghani 770-843-0244

RIVERSTONE FAMILY DENTISTRY

Baqar Hasnain, M.S., D.D.S.

Phone: 770-479-0851

On Poetry:

Poets have been mysteriously silent on the subject of cheese.
G.K. Chesterton

Poetry is a way of taking life by the throat.
Robert Frost

A poem begins with a lump in the throat.
Robert Frost

When power leads man towards arrogance, poetry reminds him of his limitations. When power narrows the area of man's concern, poetry reminds him of the richness and diversity of existence. When power corrupts, poetry cleanses.
John Fitzgerald Kennedy

At the touch of love, everyone becomes a poet.
Plato


Writing free verse is like playing tennis with the net down.
Robert Frost

Poetry comes nearer to vital truth than history.
Plato


A poem is never finished, only abandoned.
Paul Valéry




Ultrasound




Echocardiogram




CT Scan




MRI



Bone Density



Mammogram



X-Ray

Georgia Health Imaging
3653 Lawrenceville Hwy. Suite 150
Lawrenceville, GA 30044
Tel: (678) 924-0964
Fax: (678) 924-0965
www.gahealthimaging.com

ACR ACCREDITED

No Insurance?
NO PROBLEM!

Need a CT. MRI, Ultrasound, Echocardiogram, DEXA, X-Ray, IVP, Upper UGI, Mammogram

WALK IN WELCOME!

(Same Day Schedule)
Mon- Fri 9:00-5:00pm, Sat 9:00-1:00pm

Call us at 678-924-0964

At Georgia Health Imaging we care for our patients and our goal is to provide high quality service at a low cost to accommodate the need of many uninsured patients in addition to our insured patients.

MRI	$375-2000
CT Scan	$225-550
General Ultrasound	$90-300
Vascular Ultrasound	$125-400
Echocardiogram	$200-450
X-Ray	$50-175
GI Studies	$175-450
IVP	$150-350
DEXA Scan	$100-250

We Take Medicare, Medicaid, and Private Insurances.

With Compliments

From

Shahnaz Boutique

You name it, we will find it!

Jewelry, Bags, Sarees, Formal, Semi Formal, Casual, Cotton, Kids (Orders only)

Please contact

Shahnaz Surani

Tel: 770-833-3723
E-mail: shahnazsurani72@hotmail.com

PUNJAB

Grocery and Restaurant
Carry out & Dine in Food

Cobb International Plaza
1869 Cobb Parkway, Suite 425
Marietta, GA 30062
Call: Ijaz Mughal
TEL: 770-955-3277

Catering Specialist

Tandoori Items

- Nan
- Tandoori Chicken (Leg or Breast)
- Chicken Tikka
- Kabab Chicken or Beef
- Sabzi Goasht
- Karahi Goasht
- Punjabi Choley
- Paya or Haleem

Marinated Items Available

- Beef and Chicken Kabab Qeema
- Tandoori Leg

Dine In Available
Families and Groups, Please Call in Advance to save Time

Home Catering & Backdoor BBQ Available
Monthly Account Available for Students

Islamic Items Available.

- Quran, Scarf, Prayer Mats, Caps, etc

Open 7 Days a week
Monday 12 noon – 6pm Tue-Sun. 11am – 9:30pm

With Best Compliments From

The Largest and Exclusive Appliances Store in Southeast

220V/110Volt Appliances TV VCR CD Players TOYS CAMERAS Kitchen Appliances Phones Stereos Fax Machines Microwave Oven Seiko-Citizen-Casio Watches American Tourister Samsonite Luggage Brand Name Perfumes Parker-Cross Pens Rayban Sunglasses Rice Pearls Corals Jade Calculators and many more Gift items.

A to Z
ELECTRONICS & GIFTS

WE DO DIGITAL VIDEO CONVERSION
FROM PAL TO NTSC & NTSC TO PAL
220/110 Appliances

Tel/Fax: 404-299-9196
1713 Church St., Suite A-1, Decatur, GA 30033

HOURS: TUE TO SUN 11 AM – 8 PM MONDAY CLOSED

With Best Compliments From

AL Madina

International Halal Farmers Market

Γροχεριεσ & Ηαλαλ Μεατ
Ρεταιλ ανδ Ωηολεσαλε

ABDUL
Phone: 770-300-0772
Fax: 770-300-9864

SHARIF
5345 Jimmy Carter Blvd Suite C
Norcross, GA 30093

WITH BEST COMPLIMENTS FROM

Café Bombay

------indian bistro

1622 Woodcliff Drive

Atlanta, GA 30329

Lunch Buffet

Dine In

Take Out

Catering


Private Events

(P) 404-320-0229

(F) 404-320-0125

cafebombay@bellsouth.net

www.cafebombayatlanta.com



Monarch

Banquet Hall

"The Elegant Venue for Your Next Event"

Choice of Caterers
Built-in Sound System
Lighted Stage & Dance Floor

The Perfect Setting for:
Wedding
Receptions
Sweet Sixteens
Family Reunions
and Private Parties

Andy: 770-601-9099
I-85 at Pleasant Hill Road
and Venture Drive
1960 Day Drive, Duluth, GA 30019

With Compliments

From



IQBAL H. DHANANI, M.D

Board Certified Adult & Adolescent Psychiatrist

1720 Phoenix Boulevard, Suite # 570
College Park, GA 30349
Tel: 770 994 9399
Fax: 770 994 4893

ALL ABOUT SIGNS

Very Latest Signs at Very Very Competitive Prices

We Beat internet Prices Every Day 20 % Cheaper Than Competitors (Apples to Apples)

www.AllAboutSigns.com

Signs Designed, Engineered, and Fabricated by Technocrats

We are a UL Listed Electrical Sign Fabricator
We do Wholesale LED SIGNS Patented
Water Proof Lighted Channel Letters Neon
Signs Lighted Boxes Full Color Banners
Digital Printing Magnets
Biggest Variety Of Exhibit Banners Displays


Please Call Javed Rahmat (Jay) B.Sc, M.B.A. Tech-no-crat

Jay@AllAboutSigns.com

Tel: 770.977.0408 Fax: 770.973.3630

4371 Roswell Rd, Marietta, GA, 30062 (Roswell Rd & Johnson Ferry Rd. by SEARS)

2125 Roswell Rd, Marietta, GA, 30062 (in EastLake Shopping Center next to ALDI)




by

AJIT RANDHAWA PhD

Have you ever asked the questions?
WHAT IS GOD?
WHEN DID RITUALS BEGIN?
HOW WERE WORLD RELIGIONS CREATED?
WHAT CAUSED SECTARIAN DIFFERENCES?
WHAT IS 'THE WORD'?

This book explores these questions
Describing the sanctity of Six World Religion
to promote a global understanding.
www.FaithAndReligionsExpo.com
It is an appeal to global youth and adults
to create a free and caring humanity.
ALL PRAYING TO THE SAME ONE GOD
in different ways



CONGRATULATIONS
on the 25th Anniversary of the
ALIGARH ALIMNI ASSOCIATION



شعراء، اشعار اور ہماری زندگی

ڈاکٹر خالد صدیق

(مندرجہ ذیل خطبۂ صدارت ایک گذشتہ مشاعرے میں پڑھا گیا۔ چند احباب کی درخواست پر اِسے دوبارہ نقل کیا جارہا ہے۔)

میں علی گڑھ المنائی ایسوسی ایشن اور ان کے منتظمین کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے سالانہ مشاعرہ کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے آج کی اس محفل کا انتظام کیا۔ ناچیز کو اس محفل کی صدارت کا حکم ہوا ہے۔ ناتجربہ کاری کا پاس رکھتے ہوئے میری یہ کوشش ہوگی کہ اس مشاعرے کا مشاہدہ میں ایک طالبِ علم کی حیثیت سے کروں۔ اور یہ مناسب بھی ہے کیونکہ بہت سے نامور سخن ساز آج کی اس محفل میں شرکت فرما کر اس ادب کے صحرا کو اپنے کلام سے سیراب کریں گے اور ہمیں اپنی ادبی تشنگی کو دور کرنے کا موقع دیں گے۔ اگر سادہ نظر سے دیکھا جائے تو شعراء اپنے حسنِ کمال سے الفاظ کو ایک مخصوص انداز سے استعمال کرتے ہوئے اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔ اپنے احساسات کی ترجمانی کرتے ہیں۔ حالاتِ حاضرہ اور حالاتِ گزشتہ کی نقشہ آرائی کرتے ہیں اور اپنے دِل کی آواز سامعین تک پہنچاتے ہیں۔ سامعین بعض اوقات اشعار کے روحانی یا ظاہری پہلو کی طرف زیادہ توجہ دیتے ہیں اس شوق میں شاعر کے خیالات کی گہرائی تک نہیں پہنچ پاتے۔

یہی کمزوری بعض اوقات ہم سے اپنی روزمرہ کی زندگی میں بھی ہو جاتی ہے۔ جبکہ ہم اسبابِ زندگی کی تگ و دو میں لگ کر مقصدِ حیات کو فراموش کر بیٹھتے ہیں۔ جس طرح اشعار الفاظ کے موتیوں کی مالا ہوتے ہیں اسی طرح انسان کی زندگی بھی حادثات کی مالا ہے۔ جس طرح شاعر اپنے اشعار کو الفاظ کے چناؤ اور تناسب سے خوبصورت بنا دیتا ہے اسی طرح انسان بھی اپنی زندگی کو علم و ادب، اخلاق اور دینی تعلیمات کے موتیوں سے مزیّن کر کے خوبصورت بنا سکتا ہے۔ جس طرح شاعر کو اپنے فن کو نکھارنے کے لئے محنت کرنی پڑتی ہے اسی طرح انسان کو اپنی زندگی کو سنوارنے اور نکھارنے کے لئے محنت کرنی پڑتی ہے۔ جس طرح اچھا شعر جس مشاعرے میں بھی پڑھا جائے پسند کیا جاتا ہے اسی طرح اچھا انسان کسی شہر، کسی ملک، کسی خطۂ زمین پر کیوں نہ ہو وہاں کی سوسائٹی کے لئے ایک سرمایہ بن جاتا ہے۔

میرے دوستو! زندگی ایک پھول کے مانند ہے جو خاروں میں رہ کر بھی اپنا حسن برقرار رکھتے ہوئے دوسروں کے لئے خوشبو اور راحت کا ذریعہ بنتا ہے۔ ایسا کرنے میں نہ تو اسے اپنا آپ فنا کرنا پڑتا ہے اور نہ ہی خاروں سے دشمنی اُسے زیب دیتی ہے اور وہ ننھا سا پھول اپنے اطراف کو اپنے حسن سے نکھار کر اپنی خوشبو سے فضاؤں کو مہکا دیتا ہے۔



This masterpiece mural by Sadeqain was photographed in 48 pieces and then stitched into one complete mural. It is about 200ft X 60ft long. It is placed on the ceiling of the main corridor of Lahore Museum



صُبحِ نَو

سیّد ضیاؔ خیرآبادی

صُبحِ نَو کا سورج طلوع ہونے والا ہے
تُم یہ دیکھو گے کہ ہر سمت اُجالا ہو گا

رات کی سیاہی جب چھٹ جائے گی ذہن و دِل سے
ہر طرف روشنیوں کا بول بالا ہوگا

غُربت و اَفلاس کے پھیلے ہوئے کالے بادل
خود بخود چھٹ جائینگے جب سورج کی کِرن آئیگی

زندگی جو اَب تک مفلوج تھی ایک مدت سے
ایک نئے عَزم کی طاقت سے اُٹھ جائیگی

پھِر فِضاؤں میں گونجیں گے محبت کے نغمے
پھِر خوشی ہر گھر کی چوکھٹ پہ نظر آئیگی

مندمل ہو جائینگے جو زخم لگے کانٹوں سے
زندگی ہر شخص کے پہلو میں سمٹ آئیگی

پھول کِھلیں گے اِس چمن کے آنگن میں
پھِر کوئی خار نہ کبھی پیدا ہو گا

لوگ نِکل آئینگے مایوسیوں کی دلدل سے
ایک نئے عزم سے اعتبار جو پیدا ہوگا

بھول جائینگے وہ ماضی کی تلخ یادوں کو
ترقیوں کی طرف رَواں اَمن کا کارواں ہوگا

وہ حوصلے جو تھے ساکِت پانیوں کی طرح
اب اُنکا جوش بمثل آبِ رواں ہوگا

خواب دیکھے تھے جو کبھی اِقبالؔ اور سرسیّد نے
اُن خوابوں کو حقیقت بنانا ہو گا

ایک مُدت سے سوئی ہوئی اِس مِلت کو
گہری نیندوں سے بہرحال جگانا ہوگا



یہ عشق نہیں آساں

شائستہ بیگم

آپ چاہے اردو کے پرستار ہوں یا علی گڑھ کے عاشق، گمانِ غالب ہے کہ علی گڑھ کے پروانوں نے آپ کے ذوق کی تسکین کے لیے آپ کو ایک دو مشاعروں میں ضرور مدعو کیا ہوگا۔ آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے جب سرسید کا علی گڑھ وجود میں آیا تھا تو سرسید نے بھی ایک خواب دیکھا تھا۔

'جو اَبر یہاں سے اٹھے گا وہ سارے جہاں پر برسے گا'

اور آج آپ کو علی گڑھ کے نام لیوا دنیا کے گوشے گوشے میں مل جائیں گے۔ جب علی گڑھ وجود میں آیا تو اسکا ایک مقصد مسلمانوں کو جدید تعلیم سے روشناس کرانا تھا۔ یہ خیال تو شاید سرسید کو بھی نہ آیا ہوگا کہ علی گڑھ کی یہ تحریک جدید دنیا میں اردو کی بقا کے لیے اتنی ضروری ثابت ہوگی جتنی کہ درخت کی نشو ونما کے لیے سورج کی روشنی۔ میں علی گڑھ المنائی ایسوسی ایشن کے تمام Chapters کے بارے میں تو زیادہ نہیں جانتی لیکن اٹلانٹا کے ممبران کی جدو جہد کا مجھے تھوڑا بہت اندازہ ہے۔ جس طرح سے سرسید نے ایک اردو اور اسلامی ماحول میں انگریزی تعلیم کی بنیاد ڈالی تھی علی گڑھ کے نام سے ایسے ہی امریکہ میں میرے ہم وطنوں نے اردو کی بقا کے لیے علی گڑھ کے نام سے شروعات کی۔

آج سے ۲۵ سال پہلے جو ننھا سا بیج وصی بھائی اور سائرہ باجی کے تہہ خانے میں بویا گیا تھا وہ آج بڑھ کر ایسا تناور درخت بن چکا ہے جس کے نیچے بیٹھ کر ہر وہ شخص جس کو اردو سے ذرا بھی لگاؤ ہے، لطف اندوز ہوسکتا ہے۔ اور آج یہ تحریک صرف علی گڑھ کے لوگوں تک ہی محدود نہیں بلکہ ہر اردو بولنے، سمجھنے اور جاننے والوں کے لیے ایک ایسا جانفزا نغمہ ہے جو غریب الوطنی میں بھی ہم کو وطن سے قریب رکھتا ہے۔

لیکن ۲۵ سالوں کا یہ سفر کوئی آسان نہیں تھا۔ اس تحریک کو پھیلانے میں ان گنت لوگوں کا ہاتھ اور بڑے بزرگوں کی دعائیں شامل رہی ہیں۔ ان لوگوں نے نہ دن کو دن سمجھا نہ رات کو رات سمجھا اپنے گھروں میں شعراء حضرات کو مہمان رکھنا اور مہمانداری کے سارے تقاضے پورے کرنا، کھانا بنا کر بھیجنا، مہمانوں کے لیے خود دن رات موقع پر موجود رہنا، تقریب کو کامیاب کرنے کے لیے اور مصارف کے لیے عطیہ جمع کرنا اور اگر ضرورت کے مطابق عطیہ جمع نہ ہو پائے تو اپنی جیب سے ادا کرنا۔ لیکن ان مشکلات نے ممبران کے حوصلوں کو توڑنے کے بجائے اور شہ دی۔ یہ حضرات ایسے بھی نہ تھے کہ جن کو کوئی اور کام نہ ہو بلکہ سبھی معاشرے کے معزز شہری ہیں۔ کوئی بزنس مین ہے تو کوئی ڈاکٹر ہے کوئی انجنیر ہے تو کوئی ٹیچر۔ لیکن انکا کیریئر اور خاندانی مصروفیات بھی ان کو اس تحریک سے دور نہ رکھ سکی۔ ان لوگوں کو شروع ہی سے ان مشکلات کا اندازہ تھا لیکن بقول غالب

''یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجے''

کے مصداق اردو کی اس تحریک کو فروغ دینے میں تن من اور دھن سے لگے رہے۔

علی گڑھ کی تقاریب ہمارے گھر میں ہمیشہ عید کا ماحول بنا دیتی ہیں۔ بچوں کو بھی معلوم ہے کہ ان تقاریب میں وہ اپنے ہم وطنوں وہم زبان لوگوں سے ملیں گے اور اردو کی جو ایک تہذیب ہے اسکا چھوٹا سا حصہ بنے گیں۔ انہیں تقاریب کی بدولت آج ہمارے بچے مشاعرے کے نام سے روشناس ہیں اور اردو ان کے لیے کوئی اجنبی زبان نہیں۔ اس تحریک نے نہ صرف اردو کی بقا کے لیے ایک انتہائی ضروری Platform فراہم کیا بلکہ علی گڑھ اور امریکہ کے تعلیمی اداروں کے بیچ ایک پل کا کام کیا جس سے میرے ہم وطنوں کو تعلیم کے بہتر مواقع ملیں گے۔ (انشاءاللہ)



غزل

ریحانہ انجم

درد لا دوا پا یا زیست بے مزہ پائی
شور آرزوؤں کا اور دَشتِ تنہائی!!!

ہاتھ میں مقدر کے آدمی کھلونا ہے
اور دِل کا یہ عالم ہر گھڑی تمنائی

زندگی میں جانے کب کون کس طرح آئے
آدمی پہ لازم ہے بس کرے سپر یرائی

یادوں کے دریچے پر ہم نے رکھ دئے پتھر
پھر بھی یہ ہوا اکثر آنکھ میری بھر آئی

پتھروں کے سینے سے چشمے پھوٹتے دیکھے
آدمی کی فطرت نے کھوئی اپنی نرمائی

کشتیاں جلا کر ہم اپنے گھر سے نکلے تھے
اور پھر وطن کی یاد آئی ہر گھڑی آئی

دِل لہو لہو ہو کر آنکھوں سے ٹپکنے لگا
اور میری آنکھوں نے کھوئی اپنی بینائی

یہ فضا محبت کی اب سدا رہے قائم
کتنی مدتوں کے بعد یوں چلی ہے پُروائی



نئی نسل اور اردو ادب

صدف فاروقی

کافی عرصے سے اردو ادب کے حوالے سے کچھ لکھنا چاہ رہی تھی۔ لیکن نہ جانے کیوں ذہن معاؤف سا محسوس ہو رہا تھا اور قلم اور سوچ منجمد سی لگ رہی تھی۔ ڈاکٹر رشید فائنل الٹی میٹم دے چکے تھے کہ اس ہفتے آپ کا آرٹیکل آجانا چاہیے۔ جب تک آپ کے ذہن دل اور دماغ کو کوئی چیز متاثر نہ کرے اس وقت تک آپ قلم نہیں اٹھا سکتے۔

والدہ کی ناسازطبعیت رمضان کا مقدس مہینہ اور عیادت کرنے والوں کا ایک ہجوم قلم اٹھانے کا موقع ہی نہیں دے رہے تھے کہ کیا لکھوں اور کب لکھوں۔ میڈیا کا سہارا لینا چاہا تو وہاں ایک عجیب ہی قسم کی دوڑ میں سب مصروف تھے۔ حسنِ اتفاق کے کل رات پی ٹی وی پر انور مقصود صاحب کا تحریر کیا ہوا ڈرامہ ''ہاف پلیٹ'' نظر سے گزرا جس نے بے اختیار مجھے قلم اٹھانے پر مجبور کر دیا۔ مصنف نے جس خوبصورتی سے اردو ادب کے مستقبل کا نقشہ کھینچا اسے دیکھ کر پیروں تلے زمین نکلتی ہوئی محسوس ہوئی کہ ادب کے حوالے سے ہم تباہی کے کس دہانے پر آ کھڑے ہوئے ہیں۔

''میں نے ہاف پلیٹ بہاری کباب بیچ کر ۳۰ دن میں اتنا کما سکتا ہو جتنا عمر بھر ادب کی خدمت کر کے نہیں کما سکتا''۔ یہ مصنف کے الفاظ تھے یا تازیانہ جب ہمارے وطن عزیز میں اردو ادب کا اور شعراء کا یہ سال ہے تو ہم دیارِ غیر میں کیا توقع کر سکتے ہیں۔

نیر آپا نے یادِ رفتگاں ۲۰۰۰ء کے حرفِ آغاز میں لکھا تھا کہ ''مشاعرے ہمارا تہذیبی ورثہ ہیں اور اس ورثے کی حفاظت ہمارا فرض ہے۔''

اور واقعی یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ کسی بھی قوم کا ورثہ مال و دولت نہیں ہوتا۔ کسی بھی قوم کا اصل ورثہ اس کی تہذیب و ثقافت اور ادب ہوتا ہے جو کہ نسل در نسل ایمانداری کے ساتھ منتقل کرنا ہم سب کا اخلاقی، سماجی اور ادبی فرض ہے۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم امانتوں کے امین نہ بن پائے۔ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو اس امانت کے لیے تیار نہ کر پائے کہ وہ اس ادبی ورثے کے بوجھ کو بحسن و خوبی اٹھا سکیں۔ لیکن امید پہ تو دنیا قائم ہے۔ اور امید کی اسی ایک کرن کو روشن رکھنے کے لیے یترگی کو مٹانے کے لیے علی گڑھ المنائی ایسوسی ایشن نے بڑی سخت جدوجہد کی ہے۔ ۲۵ سال کا طویل اور کٹھن سفر تنہا گزارنا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ دیارِ غیر میں اپنی تہذیب کا اپنی ثقافت کا اور اپنے ادب کا چراغ جلائے ہوئے علی گڑھ ایسوسی ایشن ۲۵ برس سے رواں دواں ہے۔ علی گڑھ المنائی ایسوسی ایشن وہ واحد ایسوسی ایشن ہے جس نے شمالی امریکہ میں اردو بولنے اردو پڑھنے اور اردو سمجھنے والے تمام قدر دانوں کو ایک جگہ جمع کیا۔ اور عالمی مشاعروں اور ادبی سرگرمیوں سے نہ صرف اردو ادب کو بلکہ اردو شاعری کو اردو ثقافت کو زندہ رکھا۔

اور بھی تجھ پہ ستم اہل وطن کر ڈھائیں گے
تیرے متوالے تجھے ہر دیس میں اپنائیں گے

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم نے اپنی آنے والی نئی نسل کو اس وقت کے لیے تیار کیا ہے کہ وہ آگے اردو کی باگ ڈور سنبھالیں۔ کتنے فیصد ہماری نئی نسل کے نوجوان اردو کو لکھ پڑھ سکتے ہیں یا بول سکتے ہیں سمجھ سکتے ہیں۔ ۲۵ سال علی گڑھ ایسوسی ایشن نے تن من دھن سے تو اس پودے کی ایک آبیاری کر دی لیکن کیا ہم اپنی نوجوان نسل سے یہ امید کر سکتے ہیں۔ کہ وہ یہ ذمہ داری بحسن و خوبی نبھالیں گے۔ کبھی کبھی تو لگتا ہے کہ تاریکی بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ

تمام رات سحر کی دعائیں مانگی تھیں
کھلی جو آنکھ تو سورج ہمارے سر پہ تھا

لیکن ہم اب بھی پر امید ہیں کہ ہمارے پاس نیر آپا، عابداللہ غازی، ڈاکٹر عبداللہ اور محمد انعام اللہ جیسی ہستیاں موجود ہیں۔ جنہوں نے شمالی امریکہ کی ادبی سرزمین کو اپنی محبتوں اور کاوشوں سے سرسبز و شاداب رکھا ہوا ہے۔ اور اگر ان کا دستِ شفقت ہمارے اوپر رہا تو مجھے یقین ہے کہ ہماری کم از کم ایک اور نسل اس ادبی ورثے کی حفاظت کر سکے گی۔



پستیِ اِنساں

نعیم فاطمہ توفیق

ترقی کی عالم میں کچھ حد نہیں ہے
یہ مژدہ جہاں میں، سبھی کو سنا دو

مگر گہری پستی، میں ایک جاں پڑی ہے
ہے وہ انساں کی ہستی یہ سب کو بتا دو

اپنی نسلوں پہ نازاں، وہ بھولا خدا کو
یہ خواہش کہ قدموں پہ، سب کو جھکا دو

بنا کر یہ ہتھیار جنگ و جدل کے
اپنی طاقت کو چاہتا ہے، سب کو دکھا دو

ہر خوشی زندگی کی اور امن و اماں
ہے کوشش کہ دنیا سے یکسر مٹا دو

جانِ انسان کی کوئی حقیقت نہیں ہے
ہوئے دِل پتھر اب ان کو جلا دو

آج انساں کو انساں تباہ کر رہا ہے
یہ بغض و حسد، سب کو جڑ سے مٹا دو

اس گرتے ہوئے انساں کو، غفلت سے نکالو
پستی سے اٹھالو صحیح رستے کو بجھا دو

انسانیت کے نام پر انساں کو بچا لو
ہر دِل میں ایک شمعِ محبت کو جلا دو

سرسید یونیورسٹی سے ۷۷۹۹ طلبہ فارغ التحصیل ہو چکے ہیں اور ۳۹۰۰ زیرِ تعلیم ہیں۔ سرسید یونیورسٹی کی تجربہ گاہیں ملک بھر میں مشہور ہیں اور یونیورسٹی کا باقاعدہ اسپورٹس گراؤنڈ بھی ہے جہاں کو چز مقرر ہیں۔

ایسے اہم اجتماع کے موقع پر دل چاہتا ہے کہ اس غلط فہمی کا ازالہ کر دوں کہ منصوبہ رفاعی تعلیمی یا تعمیری ہو اس میں بلا تخصیص اس ملک کے شہریوں کی شمولیت ضروری ہے۔ یہ قطعاً بے بنیاد سوچ ہے کہ ایسے قومی مفاد کے امور کی ذمہ داری محض علیگ ہی انجام دے۔ اس بارے میں آپ ذرا تحریک علی گڑھ پر نظر ڈالیے سرسیدؒ اور ان کے عظیم رفقائے کار یعنی محسن الملک، وقار الملک، شبلی نعمانی، ڈپٹی نذیر احمد وغیرہ میں سے تو کوئی بھی علیگ نہ تھا بلکہ اہل ہنود نے بھی دست تعاون بڑھایا جس کی مثال جی کشن ہاسٹل ہے۔ اسی روایت کے بموجب کراچی میں سرسید یونیورسٹی کے قیام میں سب سے گراں قدر عمارات بنوانے والی اور کام آنے والی شخصیات میں کوئی علیگ نہ تھا۔

اس بیان سے اپنی ایسوسی ایشن کی کامیابیاں بتانا ہرگز مقصود نہیں بلکہ ذہن نشین یہ امر کرانا ہے کہ ناکامیوں سے پریشان ہو کر کبھی ہمت نہ ہارنا چاہیے۔ خدا کے فضل سے ہمارے سب ساتھی جن میں سے بہتوں کو اللہ میاں نے بلا لیا غیر متوقع ناکامیوں کے باوجود سینہ سپر رہے اور نصف صدی کی جہدِ مسلسل کے بعد کامرانیاں حاصل کیں جس سے شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کے اس شعر کی معنویت وصداقت ثابت ہے اور اس کو اپنانے میں نصب العین کا حصول یقینی ہے:

یقین محکم عمل پیہم محبت فاتحِ عالم
جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں




Mazaar-e-Sir Syed Ahmad Khan

ایسی حوصلہ شکن ناکامی کے باوجود ہماری ایسوسی ایشن تعلیمی ادارے کے قیام کے لیے کوشاں رہی اور بدقت گیارہ ایکڑ کا قطعہ اراضی کراچی حیدرآباد کی شاہراہ پر حاصل کرلیا۔ علیگ ماہر تعلیم مشتاق احمد مرحوم، صنعت کار امیر علی فینسی، پروفیسر مجید الدین اور پروفیسر اے بی اے حلیم صاحبان جیسے اکابر اساتذہ نے وہاں ایک رہائشی اسکول بنانے کا منصوبہ بنایا۔ منصوبے کے پہلے فیز میں ایک صنعتکار کے تعاون سے ایک رہائشی بنگلہ تعمیر کیا گیا، لیکن مزید تعمیرات سے پہلے گورنمنٹ کے ایک ادارے نے راتوں رات اِس پر قبضہ کر لیا۔ تاہم ہم نے دوسری ناکامی پر بھی ہتھیار نہیں ڈالے اور اپنے مشن کے حصول کے لئے جدوجہد جاری رکھی، یہاں تک کہ ۵ ہزار گز کا قطعہ اراضی جو کراچی کے انتہائی اہم مقام پر واقع ہے اور ۶ سڑکوں کے سنگم پر انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ہماری ایسوسی ایشن نے حاصل کر لیا۔ لیکن اس کا الاٹمنٹ عارضی تھا جس کو بڑی دوڑ بھاگ اور عدالتی کارروائیوں کے بعد بازاری قیمت ادا کر کے مستقل کروالیا گیا، جہاں اب انشاءاللہ ۱۴ منزلہ سرسید ٹاور تعمیر کرنے کے لئے ٹینڈر طلب کئے جا چکے ہیں۔

۱۹۸۳ میں نئی کابینہ آئی اور خواجہ وحید صاحب نے ازخود خرابی صحت کی بنا پر معذرت کر لی چنانچہ زیڈ اے نظامی صاحب نے منصب صدارت سنبھال لیا جس کے بعد ایک مرتبہ پھر تعلیمی ادارے کے قیام کی تحریک اور کوششیں زور پکڑ گئیں۔ چنانچہ ابتداً مجلس عاملہ کے ممبران نے آپس ہی میں مطلوبہ رقوم اکٹھی کر کے ایک وسیع بنگلے پر کنڈرگارٹن اسکول بنام ''علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اکیڈمی'' قائم کیا۔ یہ عمارت گلشن اقبال میں علیگ بھائی کی ملکیت تھی جسے ان سے کرائے پر حاصل کیا گیا تھا۔ اس کا آغاز تو خاصا امید افزا ہوا لیکن جن بزرگ علیگ کے سپرد یہ منصوبہ کیا گیا وہ اعلیٰ تعلیم کے تو شہرت یافتہ ماہر تھے مگر انہیں بچوں کے اسکول کا تجربہ نہ تھا۔ جس کی وجہ سے اسکول کو بمشکل دو سال چلایا جا سکا کیونکہ ہر سال طلبہ کم اور گھاٹا بڑھتا چلا گیا۔ چنانچہ اسکول کی اس عمارت کو مالک کی درخواست پر تمام ساز و سامان یعنی گاڑی، فرج و فرنیچر وغیرہ کے ساتھ اُن کی بیگم کے حوالے کر دیا گیا جو انگلستان کی تعلیم یافتہ اور تجربہ کار تھیں۔ تاہم ان سے اس کا کوئی معاوضہ نہیں لیا گیا۔ یہ اسکول تا حال برقرار ہے جو اسی نام سے خوب چل رہا ہے اور اس کی شہرت بھی کافی اچھی ہے۔

نظامی صاحب اس زمانے میں کراچی کے ترقیاتی محکمے کے سربراہ تھے۔ ان کی خصوصی توجہ اور کوشش سے گلشن اقبال میں یونیورسٹی روڈ پر واقع ۸ ایکڑ کا پلاٹ جو ٹیکنیکل ادارے کے لیے وقف تھا علی گڑھ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے نام الاٹ کروالیا گیا۔ اب پلاٹ تو مل گیا، نقشہ جات بنانے کے لیے بھائی رزقی مرحوم نے خدمات پیش کر دیں، اس طرح علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کا منصوبہ تو تیار ہو گیا لیکن اس کے لیے کروڑوں روپے کی ضرورت تھی، تاہم ''جوئندہ یابندہ'' کے تحت اللہ تعالیٰ نے یونس شاہ خاں عرف پیارے میاں کو فرشتہ بنا کر بھیج دیا جو خود تو محض اردو فارسی کے تعلیم یافتہ تھے اور علی گڑھ سے محض جذباتی ناتہ تھا لیکن ان کی آرزو تھی کہ فروغ تعلیم کے لیے کوئی کارنامہ انجام دے سکیں۔ خداوند کریم نے ہماری ضرورت اور پیارے بزرگ پیارے میاں کی دلی تمنا پوری کر دی اور اس طرح ۱۹۸۹ میں ادارہ نہ صرف قائم ہو گیا بلکہ مطلوبہ منظوری بھی حکومت سے حاصل کر لی گئی اور کالج زور شور سے چل پڑا۔ یہ بنیادی ادارہ علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کر کے اب ڈپلومہ اور سائنٹفک کورسز کے علاوہ کمپیوٹر سائنس میں گریجویشن اور ایم ایس کی تعلیم دے رہا ہے۔

۱۹۹۲ میں حکومت پاکستان نے پرائیوٹ سیکٹر میں یونیورسٹی قائم کرنے کی اجازت دی تو باہمی مشاورت کے بعد محدود وسائل کے باوجود نظامی صاحب نے یونیورسٹی کے قیام کی درخواست دے ڈالی۔ چنانچہ ۱۹۹۴ میں حکیم محمد سعید صاحب مرحوم نے بحیثیت گورنر سندھ کراچی میں چار یونیورسٹیوں کے قیام کا چارٹر عطا کیا اور ۱۹۹۴ میں سب سے پہلے سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی معرض وجود میں آ گئی اور وہاں باقاعدہ کلاسیں شروع ہو گئیں۔ پھر ۱۹۹۴ میں سندھ اسمبلی نے بالاتفاق رائے ایکٹ بھی منظور کر لیا۔ ابتدا میں سرسید یونیورسٹی علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی عمارت کے بیشتر حصے میں ہی شروع کی گئی لیکن دوسرے سال ہی سینیٹر مظہر علی مرحوم اور سینیٹر بوستان علی ہوتی کے تعاون سے مزید دو بلاک بن گئے۔ مختصر یہ کہ اب ماشاءاللہ یونیورسٹی میں ۴ منزلہ آٹھ بلاک ہیں جبکہ ایک نہایت شاندار آڈیٹوریم اور کانفرنس روم علیحدہ ہیں۔ یونیورسٹی کو ملک کی پرائیوٹ یونیورسٹیز میں درجہ اول حاصل ہے جہاں کمپیوٹر سائنس، کمپیوٹر انجینئرنگ، الیکٹرونکس، بایو میڈیکل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی گریجویشن سے لے کر ایم ایس اور پی ایچ ڈی تک اعلیٰ ترین تعلیم دی جاتی ہے۔ سرسید یونیورسٹی کامن ویلتھ یونیورسٹیز اور عالمی یونیورسٹیز کی باقاعدہ ممبر ہے۔ یہاں کے فارغ التحصیل طلبہ کو امریکہ کے لیے H کیٹیگری کا ویزہ دیا جاتا ہے۔ ہمارے سینکڑوں طلبہ بیرونی ممالک امریکہ، کینیڈا، انگلینڈ وغیرہ میں اعلیٰ تعلیم پا رہے ہیں۔ اس وقت تک



دی علیگرین: ذاکر علی خان

ڈاکٹر عابداللہ غازی

نوٹ: ۱۷ اکتوبر ۲۰۰۸ میں جناب ذاکر علی خان کو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی جانب سے ان کی علی گڑھ سے محبت اور سرسید کے تعلیمی مشن کی خدمات کے اعتراف میں سرسید ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ہم نے اُس ایوارڈ سے پہلے خان صاحب کو دی ''علیگرین'' کے نام سے یاد کیا تھا۔ درحقیقت ''علیگرینس'' کی عالمی برادری میں کوئی شخص خان صاحب سے زیادہ اس ایوارڈ کا مستحق نہیں تھا۔ ہم دلی مبارکباد کے ساتھ اس مضمون کو ھدیہ قارئین کرتے ہیں۔

ہم نے یہ کب سوچا تھا استادِ محترم ذاکر حسین خان کے بعد ہمیں ذاکر علی خان سے واسطہ پڑے گا جو ہمارے ذاکر صاحب کے ہمنام ہی نہیں بلکہ ان کی بہت سی خصوصیات کے بھی مالک ہیں۔ دونوں ذاکر پٹھان ہیں، دونوں علیگرین ہیں، دونوں نے تعلیم کو مقصدِ حیات بنایا اور دونوں کے کردار، گفتار، رفتار میں اپنی مادرِ علمی سے والہانہ محبت کا اظہار ہے۔

ذاکر علی خان نے سرسید کے قائم کردہ ادارے (محمڈن اینگلو اورینٹل کالج جو ۱۹۲۰ میں یونیورسٹی بن گیا) میں زندگی کے بہترین سال تحصیلِ علم میں گزارے اور انجینئرنگ کی تعلیم کے ساتھ کھیل کود کے میدان میں اودھم مچا کر بھی نام پیدا کیا۔

ذاکر علی صاحب نے دست و بازو، فہم و فراست، اخلاقیات اور روحانیات کے متوازن استعمال سے ایسی ادارہ سازی کی کہ پاکستان میں ایک خلقت کے لئے سرسید کے فیوض و برکات کے دروازے کھول دیے۔

ذاکر علی خان نے اور بہت سے علی گڑھ کے منچلوں کی طرح تحریکِ پاکستان میں حصہ لیا تھا، اس لئے انھوں نے اپنے خوابوں کی تعبیر کے لئے پاکستان کا انتخاب کیا۔ پاکستان کے منچلوں نے جوانی کے جوش اور تحریکِ پاکستان کے خروش میں یہ کب سوچا تھا کہ ان کی تحریک انہیں ان کی مادرِ علمی سے دور کر دے گی اس کے وجود تک کو خود خطرے میں ڈال دے گی۔ اس لئے چند ہی لوگ تھے جنھوں نے پاکستان پہنچنے کے بعد اس کے مقاصد پر نظر تھے۔ ذاکر صاحب اور ان کے علیگرین رفقا ان اولوالعزم ہستیوں میں ہیں جنہوں نے سرسیّد یونیورسٹی قائم کر کے ایک طرف سرسید والا گھر کے خوابوں کو نیا رنگ دیا تو دوسری طرف اپنے مادرِ علمی سے رشتے کو مضبوط تر بناتے رہے۔

۱۹۶۱ میں ہندوستان سے پاکستان جانا ہوا تو علی گڑھ کلب میں ذاکر علی خان نے زبردست دعوت دے ڈالی۔ ۴ فروری کو ہم اسلام آباد میں صدر ضیاء الحق صاحب کی دعوت ان کی کابینہ کے ساتھ کھا کر کراچی واپس ہوئے تو وہاں کرفیو لگا تھا۔ گولیوں کی آوازیں آرہی تھیں۔ رات ائیر پورٹ پر گزاری جہاں حالتِ حاضرہ کے تناظر میں غزل ہوئی جس کا مطلع ہے

شکوہِ گردشِ حالات بھی کرتے رہیے
شکر و تحدیث ومناجات بھی کرتے رہیے

میں نے ذاکر علی خان کو اطلاع دی، انہوں نے فون پر ہی دعوت کا اعلان کر دیا، میں نے لاکھ معذرت کی اور کرفیو کا بہانہ بھی کیا مگر انہوں نے ایک نہ سنی اور فرمایا: ''اپنے ہم زلف کڑے خان کو لے کر آجاؤ۔ ان پر مارشل لاء اثر نہیں کرتا۔'' میں نے کڑے خان کو خبر کی تو وہ مجھے اپنی گاڑی میں لینے کے لئے کرفیو کے باوجود ہوٹل تشریف لے آئے۔

ہم علی گڑھ کلب پہنچے تو معلوم ہوا وہاں کورم سے زیادہ لوگ موجود ہیں۔ نظامی صاحب اور خان صاحب نے علیگ برادری کو جمع کر لیا تھا۔

کراچی کی علی گڑھ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے ممبران اس باب میں اپنے باقی ہم عصروں سے مختلف نہ تھے بلکہ ان پر متزاد تھے۔ ان کا پہلا کام تھا ایسوسی ایشن کے دفاتر کو علی گڑھ کی خانقاہ بنا کر جناب ظلِ نظامی صاحب کو اس کا سجادہ نشین اور زندہ پیر بنا دینا اور ذاکر علی خان کو اس کا دستار بند نقیب بنا دینا۔ ان دونوں شخصیات نے اپنے اردگرد علی گڑھ کے وہ سارے رتن جمع کر لئے جو کراچی پہنچ کر ان لوگوں کی شگفتہ تربیت کی زد میں آگئے۔ یہاں علیگرینس خلوص و محبت کے ختم، فاتحہ اور چڑھاوے لیکر آتے ہیں اور سرسیّد کے



جرس

غیاث عالم نعمانی

دیر تک سوتے رہے لطفِ سحر جاتا رہا
قصہ پرواز و پر باقی ہے پر جاتا رہا

ہو گئے تم بے عمل سود و ہنر جاتا رہا
دل سے ناصح کی نصیحت کا اثر جاتا رہا

نقص شیشے کا نہیں شیشہ میں گر آجائے بال
آنکھ ہو تو دیکھ یہ نا اتفاقی کا مآل

ہر نفس تحقیر تیری ہر نفس سوئے زوال
چھینتا تجھ سے کوئی بیت المقدس ،کیا مجال؟

کیا عرب اور کیا عجم اب تنگ ہے تم پر زمیں
ہر طرف بے آبرو ہے آج خونِ مسلمیں

کوچہ کوچہ جاں کے لالے گھر کا گھر آتش رماد
کوئی ہے جو کردے اِن بہتے لہو کا انسداد؟

سربلندی ظلم کی مانگے ہے سیفِ ذو الفقار
پھر بتانِ کفر کو محمود کا ہے انتظار

سچ تو یہ ہے مردِ مومن کی کوئی خوبی نہیں
تم میں اب کوئی صلاح الدین ایوبی نہیں

روس کی تعلیم گاہوں نے دیا دینی خلل
تم نے خود اپنے لئے پالے ہیں ببرک کارمل

رو نہ کم نفری کا رونا کر نہ کمزوری کا بین
یاد کر تُو نے لکھے ہیں قصہ بدر و حُنین

قیصر و کسریٰ کی تو تسخیر کی پہچان ہے ایمان ہے
تو کسی سے کم نہیں اگر جذبۂ ایمان ہے

ایٹمی حربہ تو تیرے راستے کی گرد ہے
دیکھ چھو کر آتشِ نمرود کتنی سرد ہے

اہمیت رکھتا نہیں کچھ بھی یہ سورج کا زوال
ڈوب کر بنتا ہے پھر یہ صبح صادق کا جمال

ننگ ہے گرنا مگر گر کر سنبھلنا ہے کمال
غور کر 'لا تقنطوا' کہتا ہے رب ذوالجلال


نعرۂ اللہ اکبر سے ذرا پھر کام لے
بڑھ کے پھر اِک بار دامانِ محمدؐ تھام لے

کا باقاعدہ اسپورٹس گراؤنڈ بھی ہے جہاں کوچز مقرر ہیں۔

ایسے اہم اجتماع کے موقع پر دل چاہتا ہے کہ اس غلط فہمی کا ازالہ کر دوں کہ منصوبہ رفاعی تعلیمی یا تعمیری ہو اس میں بلا تخصیص اس ملک کے شہریوں کی شمولیت ضروری ہے۔ یہ قطعاً بے بنیاد سوچ ہے کہ ایسے قومی مفاد کے امور کی ذمہ داری محض علیگ ہی انجام دے۔ اس بارے میں آپ ذرا تحریک علی گڑھ پر نظر ڈالیے سرسیدؒ اور ان کے عظیم رفقائے کار یعنی محسن الملک، وقار الملک، شبلی نعمانی، ڈپٹی نذیر احمد وغیرہ میں سے تو کوئی بھی علیگ نہ تھا بلکہ اہل ہنود نے بھی دست تعاون بڑھایا جس کی مثال جی کشن ہاسٹل ہے۔ اسی روایت کے بموجب کراچی میں سرسید یونیورسٹی کے قیام میں سب سے گراں قدر عمارات بنوانے والی اور کام آنے والی شخصیات میں کوئی علیگ نہ تھا۔

اس بیان سے اپنی ایسوسی ایشن کی کامیابیاں بتانا ہرگز مقصود نہیں بلکہ ذہن نشین یہ امر کرانا ہے کہ ناکامیوں سے پریشان ہو کر کبھی ہمت نہ ہارنا چاہیے۔ خدا کے فضل سے ہمارے سب ساتھی جن میں سے بہتوں کو اللہ میاں نے بلا لیا غیر متوقع ناکامیوں کے باوجود سینہ سپر رہے اور نصف صدی کی جہدِ مسلسل کے بعد کامرانیاں حاصل کیں جس سے شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کے اس شعر کی معنویت و صداقت ثابت ہے اور اس کو اپنانے میں نصب العین کا حصول یقینی ہے:

یقین محکم عمل پیہم محبت فاتحِ عالم
جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں




Rubaiyat by Sadequain

ایسی حوصلہ شکن ناکامی کے باوجود ہماری ایسوسی ایشن تعلیمی ادارے کے قیام کے لیے کوشاں رہی اور بدقت گیارہ ایکڑ کا قطعہ اراضی کراچی حیدرآباد کی شاہراہ پر حاصل کرلیا۔ علیگ ماہر تعلیم مشتاق احمد مرحوم، صنعت کار امیر علی فینسی، پروفیسر مجید الدین اور پروفیسر اے بی اے حلیم صاحبان جیسے اکابر اساتذہ نے وہاں ایک رہائشی اسکول بنانے کا منصوبہ بنایا۔ منصوبے کے پہلے فیز میں ایک صنعتکار کے تعاون سے ایک رہائشی بنگلہ تعمیر کیا گیا، لیکن مزید تعمیرات سے پہلے گورنمنٹ کے ایک ادارے نے راتوں رات اِس پر قبضہ کر لیا۔ تاہم ہم نے دوسری ناکامی پر بھی ہتھیار نہیں ڈالے اور اپنے مشن کے حصول کے لئے جدوجہد جاری رکھی، یہاں تک کہ ۵ ہزار گز کا قطعہ اراضی جو کراچی کے انتہائی اہم مقام پر واقع ہے اور ۶ سڑکوں کے سنگم پر انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ہماری ایسوسی ایشن نے حاصل کر لیا۔ لیکن اس کا الاٹمنٹ عارضی تھا جس کو بڑی دوڑ بھاگ اور عدالتی کارروائیوں کے بعد بازاری قیمت ادا کر کے مستقل کروالیا گیا، جہاں اب انشاءاللہ ۱۴ منزلہ سرسید ٹاور تعمیر کرنے کے لئے ٹینڈر طلب کئے جا چکے ہیں۔

۱۹۸۳ میں نئی کابینہ آئی اور خواجہ وحید صاحب نے از خود خرابی صحت کی بنا پر معذرت کر لی چنانچہ زیڈ اے نظامی صاحب نے منصبِ صدارت سنبھال لیا جس کے بعد ایک مرتبہ پھر تعلیمی ادارے کے قیام کی تحریک اور کوششیں زور پکڑ گئیں۔ چنانچہ ابتداً مجلس عاملہ کے ممبران نے آپس ہی میں مطلوبہ رقوم اکٹھی کر کے ایک وسیع بنگلے پر کنڈرگارٹن اسکول بنام ''علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اکیڈمی'' قائم کیا۔ یہ عمارت گلشن اقبال میں علیگ بھائی کی ملکیت تھی جسے ان سے کرائے پر حاصل کیا گیا تھا۔ اس کا آغاز تو خاصا امید افزا ہوا لیکن جن بزرگ علیگ کے سپرد یہ منصوبہ کیا گیا وہ اعلیٰ تعلیم کے تو شہرت یافتہ ماہر تھے مگر انہیں بچوں کے اسکول کا تجربہ نہ تھا۔ جس کی وجہ سے اسکول کو بمشکل دو سال چلایا جا سکا کیونکہ ہر سال طلبہ کم اور گھاٹا بڑھتا چلا گیا۔ چنانچہ اسکول کی اس عمارت کو مالک کی درخواست پر تمام ساز و سامان یعنی گاڑی، فرج و فرنیچر وغیرہ کے ساتھ اُن کی بیگم کے حوالے کر دیا گیا جو انگلستان کی تعلیم یافتہ اور تجربہ کار تھیں۔ تاہم ان سے اس کا کوئی معاوضہ نہیں لیا گیا۔ یہ اسکول تا حال برقرار ہے جو اسی نام سے خوب چل رہا ہے اور اس کی شہرت بھی کافی اچھی ہے۔

نظامی صاحب اس زمانے میں کراچی کے ترقیاتی محکمے کے سربراہ تھے۔ ان کی خصوصی توجہ اور کوشش سے گلشن اقبال میں یونیورسٹی روڈ پر واقع ۸ ایکڑ بھائی رزقی مرحوم نے خدمات پیش کر دیں، اس طرح علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کا منصوبہ تو تیار ہو گیا لیکن اس کے لیے کروڑوں روپے کی ضرورت تھی، تاہم ''جوئندہ یابندہ'' کے تحت اللہ تعالیٰ نے یونس شاہ خاں عرف پیارے میاں کو فرشتہ بنا کر بھیج دیا جو خود تو محض اردو فارسی کے تعلیم یافتہ تھے اور علی گڑھ سے محض جذباتی ناتہ تھا لیکن ان کی آرزو تھی کہ فروغِ تعلیم کے لیے کوئی کارنامہ انجام دے سکیں۔ خداوند کریم نے ہماری ضرورت اور پیارے بزرگ پیارے میاں کی دلی تمنا پوری کر دی اور اس طرح ۱۹۸۹ میں ادارہ نہ صرف قائم ہو گیا بلکہ مطلوبہ منظوری بھی حکومت سے حاصل کر لی گئی اور کالج زور شور سے چل پڑا۔ یہ بنیادی ادارہ علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کر کے اب ڈپلومہ اور سائنٹفک کورسز کے علاوہ کمپیوٹر سائنس میں گریجویشن اور ایم ایس کی تعلیم دے رہا ہے۔

۱۹۹۲ میں حکومت پاکستان نے پرائیوٹ سیکٹر میں یونیورسٹی قائم کرنے کی اجازت دی تو باہمی مشاورت کے بعد محدود وسائل کے باوجود نظامی صاحب نے یونیورسٹی کے قیام کی درخواست دے ڈالی۔ چنانچہ ۱۹۹۴ میں حکیم محمد سعید صاحب مرحوم نے بحیثیت گورنر سندھ کراچی میں چار یونیورسٹیوں کے قیام کا چارٹر عطا کیا اور ۱۹۹۴ میں سب سے پہلے سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی معرض وجود میں آ گئی اور وہاں باقاعدہ کلاسیں شروع ہو گئیں۔ پھر ۱۹۹۴ میں سندھ اسمبلی نے بالاتفاق رائے ایکٹ بھی منظور کر لیا۔ ابتدا میں سرسید یونیورسٹی علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی عمارت کے بیشتر حصے میں ہی شروع کی گئی لیکن دوسرے سال ہی سینیٹر مظہر علی مرحوم اور سینیٹر بوستان علی ہوتی کے تعاون سے مزید دو بلاک بن گئے۔ مختصر یہ کہ اب ماشاءاللہ یونیورسٹی میں ۴ منزلہ آٹھ بلاک ہیں جبکہ ایک نہایت شاندار آڈیٹوریم اور کانفرنس روم علیحدہ ہیں۔ یونیورسٹی کو ملک کی پرائیوٹ یونیورسٹیز میں درجہ اول حاصل ہے جہاں کمپیوٹر سائنس، کمپیوٹر انجینئرنگ، الیکٹرونکس، بایو میڈیکل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی گریجویشن سے لے کر ایم ایس اور پی ایچ ڈی تک اعلیٰ ترین تعلیم دی جاتی ہے۔ سرسید یونیورسٹی کامن ویلتھ یونیورسٹیز اور عالمی یونیورسٹیز کی باقاعدہ ممبر ہے۔ یہاں کے فارغ التحصیل طلبہ کو امریکہ کے لیے H کیٹیگری کا ویزہ دیا جاتا ہے۔ ہمارے سینکڑوں طلبہ بیرونی ممالک امریکہ، کینیڈا، انگلینڈ وغیرہ میں اعلیٰ تعلیم پا رہے ہیں۔ اس وقت تک سرسید یونیورسٹی سے ۷۷۹۹ طلبہ فارغ التحصیل ہو چکے ہیں اور ۳۹۰۰ زیرِ تعلیم ہیں۔ سرسید یونیورسٹی کی تجربہ گاہیں ملک بھر میں مشہور ہیں اور یونیورسٹی



پیغام احبابِ اٹلانٹا کے نام

محمد ذاکر علی خاں

سب سے پہلے میری جانب سے بھائی حسن کمال و تمام ارباب اٹلانٹا المنائی ایسوسی ایشن کو سلور جوبلی منانے پر دلی مبارکباد۔ اللہ تعالیٰ نے یہ توفیق عطا فرمائی کہ جہد مسلسل سے دیارِ غیر میں مادر درسگاہ کی مشعل روشن رکھی۔ دراصل سلور جوبلی منانے کی روایت علی گڑھ میں ۱۹۲۵ سے رائج ہے جب وسیع پیمانے پر باب اسحاق، پکچر گیلری اور سائنس کے شعبہ جات کی عمارتوں کے درمیان افتادہ وسیع میدان میں جہاں اب کینیڈی ہال اور مولانا آزاد لائبریری کی عظیم الشان عمارات قائم ہیں، بڑے شاندار پیمانے پر منائی تھی جس کی وجہ سے اس کا نام سلور جوبلی گراؤنڈ مشہور ہوگیا۔ اپنی یونیورسٹی کے اس جشن اولیٰ میں ہندوستان بھر کے جید اولڈ بوائز اور اُس دور کی مشاہیر ہستیوں نے شرکت کی تھی۔ اس موقع پر ''علی گڑھ میگزین'' کا ایک یادگار نمبر بھی شائع کیا گیا تھا جو ایک دستاویزی اہمیت کا حامل ہے۔ آپ کے لیے اس بابرکت مجلّے کی نقل میں ساتھ لایا ہوں۔

فی الوقت قابل ذکر امر یہ ہے کہ آپ نے اپنے ایک دور افتادہ ''بزرگ'' بھائی کو یاد رکھا اور خوشیوں میں شرکت کا موقع دیا۔ میں اس مخلصانہ بلاوے پر آپ کا شکر گزار ہوں، البتہ ابتدا میں مَیں نے اپنی صحت کی نامعتبر حالت خصوصاً عذر لنگ واقعی کے سبب اظہار معذرت کیا مگر آپ کہاں ماننے والے تھے۔ چنانچہ ای میلز کی بارش شروع ہوگئی نیز فون پر گفتگو میں ایسے مفرح و مقوی خمیرہ جات شامل کر دیئے کہ میں نے اللہ کا نام لے کر ارادہ کر لیا کہ جیسے بھی ہو یہ سعادت حاصل کی جائے۔ ہر چہ باد ما کشتی در آب انداختم۔ خدا کرے آپ کی یہ منفرد تقریب تاریخی کامیابیاں اور اپنے مقاصد حاصل کرے اور دیگر شہروں میں قائم انجمنیں بھی سلور جوبلی کا تمغہ سجائیں۔

آیئے اب کسی قدر احوال اپنے ادارے کا اور کچھ آپ بیتی بیان کر ڈالوں جہاں بحیثیت جنرل سیکریٹری خدمت گزاری کرتے مسلسل ۴۹ سال ہونے کو آئے۔ یوں اپنی ایسوسی ایشن سے بحیثیت ممبر میں پاکستان (کراچی) پہنچتے ہی ۱۹۴۹ میں وابستہ ہوگیا تھا لیکن آمد و رفت صرف عید ملن کے مواقع پر ہر سال میں دو بار ہی ہوا کرتی تھی۔ پھر اس دور کے نو وارد نوجوان بھی شمولیت حاصل کرتے گئے اور اسے صحیح معنی میں فعال بنانے کا بیڑا اٹھایا۔ چنانچہ ۱۹۶۱ کے انتخابات میں بالاتفاق یہ اعزاز ناچیز کو بخشا گیا۔ اس عرصے میں نو منتخبہ کیبنٹ نے اپنے صدر خواجہ وحید صاحب مرحوم کی قیادت اور دیگر گھاگ و نوعمر اراکین پر مشتمل پرجوش ٹیم نے ایسوسی ایشن کے اغراض و مقاصد کے حصول کا پروگرام بنانا شروع کر دیا۔ ہم نے اُس عہد کے علیگ صدر مملکت ایوب خان اور مشرقی پاکستان (بنگال) کے علیگ وزراء راولپنڈی، لاہور و پشاور کے مشاہیر اولڈ بوائز کی کانفرنسیں منعقد کیں تاکہ مادر درسگاہ علی گڑھ کی طرز پر پاکستان میں بھی دو رہائشی جامعات مہیا کی جائیں۔ نوجوان پاکستانی نسل روایتِ علی گڑھ جیسی تعلیم و تربیت حاصل کرے اور صوبائی و لسانی عصبیتیں پروان نہ چڑھیں۔ یہ سیمینار دو دن چلے جن میں اے ٹی ایم مصطفیٰ، نواب حسن عسکری اور متین چودھری جیسے مقبول و معروف رہنماؤں نے بنگال سے تشریف لا کر بھرپور حصہ لیا اور ہر ایک نے اس مقصد کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے پرزور تائید کی۔ ان تمام تقاریر میں مکمل اتفاق رائے کا اظہار کیا گیا۔ لیکن صدر ایوب نے آخری دن اپنے صدارتی خطاب میں علی گڑھ کے محاسن کا تو برملا اعتراف کیا تاہم بیوروکریٹک جھانسے میں آگئے اور توقعات کے خلاف فرما گئے ''پاکستان میں ایسی یونیورسٹی کے قیام کی اب ضرورت نہیں کیونکہ یہاں تو ایک ہی قوم بستی ہے''۔ اس طرح ایک سنہری موقع اور بہترین وقت ہاتھ سے نکل گیا جس سے سب شرکاء کو انتہائی صدمہ پہنچا۔ ہم سب کارکنان پر مایوسی کا عالم دیکھ کر پروفیسر مجید الدین صاحب نے

"Dear friends, let us continue the struggle with much more courage as "the time will not wait for us"



حنیف اخگؔر ایوارڈ

محمد انعام اللہ

علیگڑھ المنائی ایسوسی ایشن اٹلانٹا اِس سال یعنی ۲۰۰۹ سے ایک اہم ایوارڈ دینے کا اعلان کرتی ہے۔ یہ ایوارڈ ہر تین سال بعد ایک ایسی شخصیت کو دیا جائیگا کہ جس نے اردو کے فروغ کے لئے شمالی امریکہ میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ اِس ایوارڈ کا نام ''حنیف اخگؔر'' ایوارڈ رکھا گیا ہے۔ مرحوم سید حنیف اخگؔر صاحب نے شمالی امریکہ میں اُردو کی نِسبت سے جو خِدمات انجام دِیں اِس سے ہر شخص واقِف ہے۔ اخگؔر صاحب پوری دُنیا میں اُن لوگوں کی پہچان تھے جو شمالی امریکہ میں مقیم ہیں اور اُردو سے محبت کرتے ہیں۔

سید حنیف اخگؔر ۱۹۲۸ میں ملیح آباد ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ بھوپال سے مُنشی فاضِل کی سند حاصِل کی۔ ۱۹۵۰ میں پاکِستان ہجرت کی۔ کراچی یونیورسٹی سے منسلک انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA) سے MBA کی ڈِگری حاصِل کی۔ یونیورسٹی آف لندن سے مزید اعلیٰ تعلیم حاصِل کی۔ ۱۹۷۱ میں اقوامِ متحدہ (UNO) سے منسلک ہوئے اور ۱۹۸۹ میں نوکری سے فراغت پائی اور نیو یارک میں سکونت اِختیار کی۔ اخگؔر صاحِب کی شاعری پر مبنی ۳ کتابیں شائع ہوئیں اور ایک کتاب نثر میں جو کہ اُنکی سوانح عُمری ہے، ''اعتراف و اِنکشاف'' کے نام سے شائع ہوئی۔ دُنیا کے ہر خِطے میں مشاعرے پڑھے اور لُوٹے۔ مشاعروں کی صدارت کی۔ اِنکی شاعری اور اندازِ بیاں دونوں سُننے والوں کو جگر مراد آبادی کی یاد دلاتے تھے۔

۲۰۰۷ میں نیویارک سے ڈیلاس چلے گئے۔ اخگؔر صاحِب ایک بیوی ۱۱ بچوں کے عِلاوہ ہزاروں چاہنے والوں کو چھوڑ کر (۳۱ مئی ۲۰۰۹) اپنے خدا سے جا مِلے۔ اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور جنتِ فردوس میں جگہ بخشے۔ آمین

عزم سفر سے پہلے بھی اور ختم سفر سے آگے بھی
راہ گزر ہی راہ گزر ہے، راہ گزر سے آگے بھی

یونیورسٹی ترانہ

مجاز لکھنوی

یہ میرا چمن ہے میرا چمن، میں اپنے چمن کا بُلبل ہوں
سرشاہِ نگاہِ نرگس ہوں پابستہ گیسوئے سنبل ہوں
یہ میرا چمن، یہ میرا چمن، یہ میرا چمن ہے میرا چمن، میں اپنے چمن کا بُلبل ہوں

جو طاق حرم میں روشن ہے، وہ شمع یہاں بھی جلتی ہے
اس دشت کے گوشے گوشے سے جوئے حیات اُبلتی ہے
یہ دشت جنوں دیوانوں کا، یہ بزم وفا پروانوں کی
یہ شہر طرب رُومانوں کا، یہ خلد بریں ارمانوں کی
فطرت نے سکھائی ہے ہم کو افتاد یہاں، پرواز یہاں
گائے ہیں وفا کے گیت یہاں، چھیڑا ہے جنوں کا ساز یہاں
یہ میرا چمن ہے میرا چمن، میں اپنے چمن کا بُلبل ہوں

اس بزم میں تیغیں کھینچی ہیں اس بزم میں ساغر توڑے ہیں
اس بزم میں آنکھ بچھائی ہے اس بزم میں دِل تک جوڑے ہیں
ہر شام ہے شام مصر یہاں، ہر شب ہے شبِ شیراز یہاں
ہے سارے جہاں کا سوز یہاں اور سارے جہاں کا ساز یہاں
ذرّات کا بوسہ لینے کو سو بار جھکا آکاش یہاں
خود آنکھ سے ہم نے دیکھی ہے باطل کی شکستِ فاش یہاں
یہ میرا چمن ہے میرا چمن، میں اپنے چمن کا بُلبل ہوں
یہ میرا چمن، یہ میرا چمن، یہ میرا چمن ہے میرا چمن، میں اپنے چمن کا بُلبل ہوں

جو اَبر یہاں سے اُٹھے گا وہ سارے جہان پر برسے گا
ہر جوئے رواں پر برسے گا، ہر کوہِ گراں پر برسے گا
ہر سرو سمن پر برسے گا، ہر دشت و دمن پر برسے گا
خود اپنے چمن پر برسے گا، غیروں کے چمن پر برسے گا
ہر شہر طرب پر گرجے گا، ہر قصر طرب پر کڑکے گا
یہ اَبر ہمیشہ برسے گا، یہ ابر ہمیشہ برسے گا
یہ ابر ہمیشہ برسے گا، یہ ابر ہمیشہ برسے گا
یہ ابر ہمیشہ برسے گا، یہ ابر ہمیشہ برسے گا
برسے گا، برسے گا، برسے گا

ترتیب

یونیورسٹی ترانہ ۱
مجاز لکھنوی

حنیف اخگر ایوارڈ ۲
محمد انعام اللہ

''پیغام'' احباب اٹلانٹا کے نام ۳
محمد ذاکر علی خاں

جرس ۶
غیاث عالم نعمانی

دی علیگیرین: ذاکر علی خان ۷
ڈاکٹر عابد اللہ غازی

پستیِ اِنساں ۱۰
نعیم فاطمہ توقیر

نئی نسل اور اردو ادب ۱۱
صدف فاروقی

غزل ۱۲
ریحانہ انجم

یہ عشق نہیں آساں ۱۳
شائستہ بیگم

صُبحِ نو ۱۴
سید ضیا حیدر آبادی

شعراء، اشعار اور ہماری زندگی ۱۵
ڈاکٹر خالد صدیق

پیش لفظ



شاہد رفیق

اکثر احباب یہ سوال کرتے ہیں کہ میں علی گڑھ کے فاضل طلباء کی تنظیم میں کیونکر شامل ہوں جبکہ میرا علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں رہا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی دنیا کے تعلیمی اداروں میں ایک منفرد مقام رکھتی ہے۔ وہ صرف ایک درسگاہ ہی نہیں بلکہ ایک تحریک کا نام ہے۔ وہ تحریک جو سرسیّد احمد خان نے شروع کی تھی (میں اسے ''علیگی تحریک'' کہنا چاہونگا) اب دنیا کے ہر اس خطے میں پھیل چکی ہے جہاں برِصغیر پاک و ہند سے تعلق رکھنے والے لوگ بستے ہیں۔ لہذا تنظیمِ فاضلانِ جامعہ علی گڑھ (Aligarh Alumni Association) اب ''مسلمانوں میں فروغِ تعلیم'' کی علامت بن چکی ہے۔

یہ غالباً ۲۰۰۵ کی بات ہے جب مجھے جناب انعام اللہ صاحب اور ڈاکٹر فرزانہ بھارمل نے تنظیمِ فاضلانِ جامعہ علی گڑھ کی ایک مجلس میں شرکت کی دعوت دی (یہ دونوں احباب بھی علی گڑھ سے فارغ التحصیل نہیں ہیں) اور یوں مجھے اس تنظیم سے روشناس کروایا۔ شرکاء کا جوش و خروش قابلِ ستائش تھا۔ اس تنظیم کے واسطے سے شرکاء کو ادبی، ثقافتی اور سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا موقع ملتا ہے۔ اسی ذریعے سے ہم اپنے وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ہندوستان اور پاکستان میں مستحق طلبا کی مدد کرتے ہیں۔ اِن دونوں ممالک میں صحت اور خواندگیِ نسواں کے منصوبوں پر کام ہو رہا ہے۔ کچھ منصوبے تو مکمل بھی ہو چکے ہیں۔ مستحق طلبا و طالبات کو وظائف اور کتب خانوں کو کتابیں فراہم کی جاتی ہیں۔ مگر ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ جو پیغام سرسیّد احمد خان نے اٹھارویں صدی میں دیا تھا وہی پیغام اب علیگی خواتین و حضرات دنیا بھر میں پھیلا رہے ہیں۔ تنظیمِ فاضلانِ جامعہ علی گڑھ اٹلانٹا بھی اس فلاحی کام میں مصروف ہے۔ اس کے توسط سے شرکا کو اپنے اندر چھپے ہوئے ادبی اور فنی جواہر کو مزید جلا بخشنے کا بخوبی موقع ملتا ہے۔ اس سے ایک طرف تو ممبران کو اپنے فن کے اظہار اور تسکین کا موقع ملتا ہے اور دوسری طرف ایک معیاری، ادبی اور پُر منفعت تفریح کے اِنعقاد کے ساتھ ساتھ کارِ خیر اور خدمتِ خلق کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے۔

''اٹلانٹا علیگ'' کا خصوصی شمارہ عیدِ نقرئی (Silver Jubilee Edition) مجلسِ عاملہ کی مشترکہ کاوش کے بغیر ممکن نہ تھا۔ میں اُن سب خواتین و حضرات کا شکر گزار ہوں۔ میں نے حتی الوسع کوشش کی ہے کہ اس مجلّہ کو حد درجہ دیدہ زیب اور دلچسپ بناؤں، اِس گزارش کے ساتھ کہ آپ اِس میں کسی کمی اور خامی کو نظر انداز کریں گے۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ یہ مجلّہ آپ کے ادبی ذوق کی طمانیت کا باعث بنے گا۔ شکریہ

Gwinnett Consultants in Cardiology, P.C.

Caring for the Heart of Gwinnett

Leaders in the Gwinnett medical community, our physicians work as a team to provide patients with superior care. Gwinnett Consultants in Cardiology, P.C. uses state of the art technology to provide high-quality, cost-effective, comprehensive cardiac care. Clinical excellence, innovation and compassion are at the foundation of our practice.

We have three Convenient Locations to Serve You...

- ***Lawrenceville***
  600 Professional Dr.
- ***Snellville***
  1700 Tree Lane Rd.
- ***Duluth***
  3855 Pleasant Hill Rd.

Affiliations...

- ***Gwinnett Medical Center—Lawrenceville***
- ***Gwinnett Medical Center—Duluth (Joan Glancy Medical Center)***
- ***Emory Eastside Medical Center***
- ***St. Joseph's Hospital***
- ***Emory Crawford Long Hospital***
- ***Piedmont Hospital***

To schedule your appointment call 770-962-4895

James E. Barnhill, III, M.D.
Demir Baykal, M.D.
Sean E. F. Delaney, M.D.
P. J. Eubank, PA-C
Hiram Childs, PA-C
Searle W. Videlefsky, M.D.
David A. Lantz, M.D.
Khalid J. Hayat, M.D.
Tseday Samuel, NP, PhD
Allyson Smith, PA-C

Nuclear Cardiology, Echocardiography, Electrophysiology, Coronary & Peripheral Interventions, Cardiac Ct., MRI, MRA

MyPainClinic

Non-surgical orthopedics
and sports medicine

You Don't Have To Plan Around Your Back Pain!



Khalique U. Rehman, MD

Diplomate of The American Board of PM&R

Pain Management Specialist

Your one Stop for All pain Management Resources

249 Jonesboro Road McDonough GA, 30253

Phone: 770-288-3311 Fax: 770-288-3824

E-Mail: Info@mypainclinic.com

www.mypainclinic.com